کے بارے میں تجاویز دی ہیں۔ عبدالجبار شاکر نے سیرتِ نبویؐ پر رحمت کے حوالے سے لکھا ہے۔ ترکی کے محمود عائیدین نے ویٹی کن کونسل اور عیسائی مسلم تعلقات پر معلومات دی ہیں۔ ایک مضمون حضرت عمر فاروقؓ کے بیت المقدس کے لوگوں کے ساتھ معاہدے پر ہے۔ آسٹریا میں اسلام پر ۲۵ صفحے کے مقالے میں تازہ تفصیلی معلومات ملتی ہیں۔ مراد ہوفمین کی ڈائری سے بنیادی مسائل پر روشنی پڑتی ہے۔ برنارڈ لیوس کی The Crisis of Islam: Holy War and Unholy Terror پر امتیاز ظفر نے تبصرہ کیا ہے۔ مجموعی طور پر جیسا کہ موضوعات سے اندازہ ہوتا ہے، ایک وقیع رسالے کا اضافہ ہوا ہے۔ امید ہے ہر سہ ماہی پر آتا رہے گا۔

انگریزی میں دعوتی رسالوں کا ذکر ہے تو دو دوسرے رسالوں کا ذکر بھی مناسب ہوگا۔ یہ بھی سہ ماہی ہیں۔ ایک INTELLECT بڑے سائز کے ۸۲ صفحات، آرٹ پیپر پر بہترین معیار پر طبع شدہ۔ مدیرہ: بنت زاہد۔ (مکتبہ فہم دین نزد مسجد دارالسلام، فیز ۱۷، ڈی ایچ اے، کراچی-۷۵۵۰۰، فون: ۴۲۵۱۶۵۳-۰۲۱)۔ دوسرا خواتین کے لیے HIBA کے نام سے ہے جس کی چھٹی جلد کا پہلا شمارہ میرے سامنے ہے۔ یہ ۴۸ صفحات کا ہے، آرٹ پیپر پر، قیمت: ۱۵۰ روپے، مدیرہ: رانا رئیس خان (یونٹ نمبر۲، بلڈنگ سی/۲۲، اسٹریٹ ۱۴، آف خیابان شمشیر، فیز ۷، ڈی ایچ اے، کراچی، فون: ۵۳۴۳۷۵۷-۰۲۱)۔ اس شمارے میں شیطان کو موضوع بناکر مؤثر انداز سے تذکیر کی گئی ہے کہ گھر میں کس طرح آتا ہے، عورتوں پر کس طرح حملہ کرتا ہے وغیرہ۔ دونوں رسالے پڑھنے کے ساتھ دیکھنے سے بھی تعلق رکھتے ہیں۔ اچھا کام اچھے معیار پر دیکھ کر دلی خوشی ہوئی۔ (م - س)

تعارف کتب

◉ The Provision For Akhirah [زادِ راہ]، مولانا جلیل احسن ندوی۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، ۳۵-ڈی، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۶۸۰۹۲۰۱-۰۲۱۔ صفحات: ۳۷۱۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔

زادِ راہ مولانا جلیل احسن ندوی کا مرتبہ مجموعہ احادیث ہے جو مختصر تشریح کے ساتھ تحریکی کارکنوں کے لیے تیار کیا گیا ہے اور طویل مدت سے استعمال میں ہے۔ اس میں عبادت، معاملات، اجتماعی تقاضے، فضائل اور رزائل اخلاق کے ساتھ اسوۂ رسولؐ، اسوۂ صحابہؓ اور داعیانہ کردار جیسے موضوعات دیے گئے ہیں۔ اس کے انگریزی